# SEMINAR REPORT

**Name of the event**: **State –Level Seminar on'' ALLAMA IQBAL EK AAFAQUEE SHAYER O DANISHWAR''**.

**Organized by** : Department of Urdu, Shri Shikshayatan College.

**Date**: 14.12.2024

**Venue**: Shri Shikshayatan College. Room no 303

**Number of participants**

Students…….40

Faculty……….10

**Resource persons**:-

1) Dr. Ghulam Sarwar, Former Associate Professor & H.O.D of Persian Maulana Azad College (Phone no 8100007925)

2) Dr. Prof Tanver Ahamed, Former Controller of Examination, Aliah University (Phone no 9831642203)

3) Dr. Prof. Abdul Mannan, Former Professor, Department of Urdu, University of Calcutta (Phone no 9163922191)

**Brief Description of the event**: ''ONE DAY STATE LEVEL SEMINAR '' was organized by the Urdu Department, Shri Shikshayatan College.'' ALLAMA IQBAL EK AAFAQUEE SHAYER O DANISHWAR''on 14th December, 2024. In the Inaugural Session DR. GHULAM SARWAR delivered a lecture on poet ''ALLAMA IQBAL'' Shari in Urdu & Persian and DR.TANWAR AHMAD delivered and discussed the first session's all paper and give importance to ALLAMA IQBAL's shayari. In second session DR. PROF ABDUL MANNAN delivered the lecture and present all papers.

Some research scholars and students from various colleges gave their precious times in presentation and discussed on various topics related to seminar.

All students actively interacted with the speakers and learnt more about the importance of poetry and Gazal in both languages Urdu and Persian.

**Photos :**


SHRI SHIKSHAYATAN COLLEGE
ONE DAY STATE LEVEL SEMINAR
ON


SHRI SHIKSHAYATAN COLLEGE
ONE DAY STATE LEVEL SEMINAR
ON


SHIKSHAYATAN COLLEGE
11, Lord Sinha Road, Kolkata - 71
DEPARTMENT OF URDU
SHRI SHIKSHAYATAN COLLEGE
DEPARTMENT OF URDU
ONE DAY STATE LEVEL SEMINAR
ON
ALLAMA IQBAL : EK AAFAQI SHAIR
O DANISHWAR


SHRI SHIKSHAYATAN COLLEGE
700071

# In the Media :



اخبارِ مشرق

akhbarmashriq.com

کلکتہ، بدھ 18/دسمبر 2024ء بمطابق 15/جمادی الآخر 1446

## علامہ اقبال: ایک آفاقی شاعر و دانشور کے موضوع پر شعبۂ اردو شری شکشایتن کالج میں یک روزہ ریاستی سیمینار

کلکتہ، گزشتہ 14 دسمبر بروز سنیچر شعبۂ اردو شری شکشایتن کالج کی جانب سے 'علامہ اقبال: ایک آفاقی شاعر و دانشور' کے موضوع پر یک روزہ ریاستی سیمینار کا انعقاد کیا گیا تھا۔ صبح ساڑھے 10 بجے افتتاحی جلسے کا آغاز معزز مہمانوں کے دستہائے مبارک سے رسم شمع فروزاں کی ادائیگی کر کے ہوا۔ مہمانوں کو گلدستے اور تحفے پیش کئے گئے جس کے بعد کالج کی ٹیچر انچارج ڈاکٹر پاپیا چودھری نے اپنے خطبۂ استقبالیہ میں تمام حاضرین جلسہ کو خوش آمدید کہا۔ سکریٹری ڈاکٹر پی کے شرما جی نے پروگرام کے تعلق سے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا، ڈاکٹر شاہین پروین نے مہمانوں، مقالہ خوانوں اور دیگر تمام خواتین و حضرات کا خیر مقدم کیا۔ جلسے کی مہمان اعزازی ڈاکٹر سیدہ شارقہ المولیٰ القادری نے بھی کالج کا شعبۂ اردو، اور سیمینار کے تعلق سے اپنے تاثرات بیان فرمائے۔ اس افتتاحی جلسے کی نظامت ڈاکٹر پریتی سنگھی نے فرمائی۔ سیمینار کا کلیدی خطبہ ڈاکٹر غلام سرور نے پیش کیا۔ جس میں اقبال کی ادبی خدمات کے تقریباً ہر گوشے پر مفصل و مدلل روشنی ڈالی۔ سیمینار کا پہلا اجلاس شروع ہوا، جسکی صدارت پروفیسر تنویر احمد نے کی۔ نظامت کے فرائض ڈاکٹر عمر غزالی نے ادا کئے۔ پہلا مقالہ محمد شاداب انصاری نے بعنوان 'علامہ اقبال: نئی نسل کے ہم راز' پڑھا، جس کے بعد بالترتیب چاندنی رحمٰن نے 'ناقدین اقبال کا اشاریہ'، محمد ظہیر الدین نے 'مکاتیب اقبال کا تنقیدی مطالعہ'، رقیہ خاتون نے 'جاوید نامہ: اقبال کا ایک شاہکار'، رافعہ خاتون نے 'اقبال کا فلسفہ'، ڈاکٹر سید محمد اقبال شاہ القادری نے 'علامہ اقبال اور پیام مشرق'، ڈاکٹر سمیع الدین نے 'اقبال کی شاعری اور ہندوستانی تاریخی و افسانوی شخصیات' کے زیر عنوانات مقالے پڑھے۔ صدر اجلاس پروفیسر تنویر احمد نے موقع کی نزاکت کا لحاظ رکھتے ہوئے مختصر لیکن جامع تقریر سے نوازا۔ پُرتکلف ظہرانہ کے بعد جس کا انتظام شری متی سندھو مہتا (شعبۂ ہندی) نے بڑی حسن و خوبی سے کیا تھا۔ سہ پہر 3 بجے دوسرے اجلاس کا آغاز ہوا۔ صدارت ڈاکٹر عبدالمنان نے فرمائی، جب کہ نظامت کے فرائض ڈاکٹر شاہین پروین نے انجام دیے۔ دوسرے سیشن کا پہلا مقالہ سیمیں رخسار نے 'علامہ اقبال کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری' کے عنوان سے پڑھا، جس کے بعد ڈاکٹر سیدہ ماہیرہ مرشد القادری نے 'علامہ اقبال کی شاعری میں عشق حقیقی و عشق رسولؐ'، نیہا پروین نے 'اقبال کے قیام یوروپ کی شاعری: ایک تنقیدی مطالعہ'، طلعت جہاں نے 'اقبال اور مہاراجہ سرکشن پرشاد کے مکتوباتی مراسم'، نغمہ پروین نے 'تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ: ایک مطالعہ'، بشریٰ نشاط نے 'اقبال کا عشق حقیقی'، اور ڈاکٹر عرش منیر نے 'اقبال کا تصور شاہین' کے عنوانات سے مقالے پڑھے۔ صدر اجلاس ڈاکٹر عبدالمنان نے سیمینار کے موضوع اور مقالوں کے عنوانات کی ستائش کی، ساتھ ہی ڈاکٹر شاہین پروین کے حسن انتظام کا بھی اعتراف کیا اور طلباء و طالبات کو مخاطب کر کے کہا ان کا سیمینار میں شرکت کرنا خوش آئند بات ہے کہ انہیں اقبال شناسی کے موقع میسر آئے۔ آخر میں انہوں نے سیمینار کے موضوع پر اپنے مقالے کا کچھ حصہ پڑھ کر سنایا، اس کے بعد ڈاکٹر شاہین پروین نے ہال میں موجود سارے مہمانان، خواتین و حضرات کا شکریہ ادا کیا اور ساتھ ہی جنہوں نے کسی نہ کسی طور سیمینار کو کامیاب بنانے میں ان کا ساتھ دیا تھا، ان کا بھی شکریہ ادا کیا۔

SHRI SHIK... AYATAN COLLEGE

## آج جانگر روڈ میں جلسہ تحفظ اوقاف

ممتاز انصاری کی اطلاع کے مطابق آج رات بعد نماز عشاء جان نگر روڈ کے چوراہے پہ وقف ترمیمی بل کی مخالفت میں ایک عوامی اجلاس کا انعقاد کیا گیا ہے، جس میں شہر کے علماء کرام اور دانشور حضرات تشریف لائیں گے اور اپنے اپنے مفید مشوروں سے نوازیں گے۔ تمام مکتب فکر کے لوگوں سے شرکت کی درخواست ہے۔ اس اجلاس کے کنوینر ممتاز انصاری، نثار احمد، سید محمد معیز اور شاداب عالم ہونگے۔

## ممتا بنرجی ایلن پارک میں کرسمس فیسٹیول کا افتتاح کریں گی

CHRISTMAS 2024 PRESS MEET

کلکتہ، 17 دسمبر (مشرق نیوز سروس): مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کلکتہ کرسمس فیسٹیول 2024 کی 14ویں ایڈیشن کی افتتاح 19 دسمبر 2024 کو شام 4:30 بجے ایلن پارک، پارک اسٹریٹ، میں کریں گی، جو کہ 30 دسمبر تک جاری رہے گی۔ اس کرسمس فیسٹیول کو کامیاب بنانے کے لئے کلکتہ میونسپل کارپوریشن، کلکتہ پولس، محکمہ اطلاعات اور ثقافتی امور اور اپیجے سریندرا گروپ کا تعاون ہے۔ اس سال بھی پورے پارک اسٹریٹ علاقہ، ایلن پارک سینٹ پال کیتھیڈرل چرچ کو روشن کیا جائیگا اور بو بیرک میں چراغاں کا انتظام بھی کیا گیا ہے افتتاحی پروگرام کے بعد 19 دسمبر سے 23 دسمبر تک کرائسٹر وس کمیونٹی کی جانب سے ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا جارہا جس میں 20 دسمبر کو ایلن پارک میں ریمو فرنانڈیز کا شو بھی شامل ہے۔ جبکہ 24 اور 25 دسمبر کو ایلن پارک بند رہے گا۔ اور 26 دسمبر کو کلکتہ پولس کی جانب سے ثقافتی پروگرام کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس ثقافتی پروگرام کا انعقاد محکمہ سیاحت کے ذریعہ اطلاعات اور ثقافتی امور کے تعاون سے 30 دسمبر 2024 تک جاری رہے گا جس میں مغربی بنگال کے مختلف سرکردہ نامور فنکار شامل ہوں گیاس سال کلکتہ کرسمس فیسٹیول کے دوران محکمہ سیاحت کی معلومات کیوسک، مغربی بنگال ٹورازم ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ اسٹال اور ابتدائی طبی امداد کا اسٹال ایلن پارک کے اندر نصب کیا جائیگا۔

## قومی اساتذہ تنظیم ... ہندی کے ساتھ ...

پٹنہ، 17 دسمبر (پریس ریلیز): سرکاری عمارتوں، آفس وغیرہ میں شائن بورڈ اور نیم پلیٹ وغیرہ میں بہار کی دوسری سرکاری زبان اردو کے استعمال کو لے کر قومی اساتذہ تنظیم بہار کی کوشش رنگ لا رہی ہے۔ یہ باتیں قومی اساتذہ تنظیم بہار کے ریاستی کنوینر و آزاد صحافی محمد رفیع نے کہی ہے۔ جناب رفیع نے بتایا کہ انہوں نے گزشتہ مہینہ نومبر کے 19 تاریخ کو ایک مکتوب ارسال کر وزیر اعلیٰ بہار جناب نتیش کمار سے یہ مانگ کی تھی کہ پرنسپل سیکریٹری کیبنیٹ سیکریٹریٹ کا مکتوب نمبر 536 مورخہ 30 مئی 2018ء، ایڈیشنل سیکریٹری کا مکتوب 872 مورخہ 20 اکتوبر 2021ء، ایڈیشنل سیکریٹری کیبنیٹ سیکریٹریٹ، حکومت بہار کا مکتوب 36 مورخہ 28 جنوری 2020ء ...

## اعیرہ اسٹڈی پوائنٹ کا شاندار تعلیمی پروگرام

اعیرہ اسٹڈی پوائنٹ آسنسول میں اتوار، 15/دسمبر 2024 کی شام، طلبہ وطالبات اور گارجین کے لیے ایک شاندار تعلیمی و ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت معروف شاعر وصحافی اور سابق صدر مدرس سردار صارم نے کی جبکہ اعیرہ اسٹڈی پوائنٹ کی ڈائریکٹر اور روح رواں ڈاکٹر سیدہ شگوفہ تمنا نے نقابت کا فریضہ ادا کیا۔ پروگرام کا آغاز BA, I-Sem کی طالبہ ام حبیبہ نے تلاوت قرآن پاک سے کیا۔ بعدازاں BA, sem کی دو ...